گویا، فقیر محمد خاں

شاعری اردو

DATE LABEL

100 928 OW Gnl

Date........... ....

...

J. & K. UNIVERSITY LIBRARY

hould be returned on or before the last stamped above.
arges of 6 nP. will be levied for each day. The book is
hat day.

TEXT BOOK

٧٨١

د 748 ك

[illegible]

بعون صانع کن فکان و فضل خلاق زمین و زمان

دیوان گویا

مطبع نامی منشی نولکشور میں بحسن زیبائش منطبع ہوا

اطلاع

اس مطبع مین ہر علم و فن کی کتب کا ذخیرہ سلسلہ وار فروخت کے لیے موجود ہے اور فہرست اوسکی ہر ایک شائق کو چھاپہ خانے سے مل سکتی ہے جسکے معائنہ و ملاحظہ سے شائقان اصلی حالات کتب کے معلوم فرما سکتے ہین قیمت بھی ارزان ہے اس کتاب کے ٹیٹل پیج کے تین صفحہ سادہ مین کلیات و دواوین اُردو و کلیات و دواوین فارسی درج کرتے ہین تاکہ جس فن کی یہ کتاب ہے اوس فن کی اور بھی کتب موجودہ کارخانہ سے قدردانون کو آگاہی کا ذریعہ حاصل ہو۔

کلیات و دواوین اُردو

کلیات انشاء اللہ خان - نتیجہ طبع شاعر نامی بذلہ سنج میر انشاء اللہ خان انشا تخلص عہد نواب سعادت علیخان مین بڑے مقرب و حاضر جواب تھے۔

کلیات نساخ - عمدہ کلیات جسمین نادر نادر رسائل شامل ہین ۱- شاہد عشرت ۲- سخن شعرا ۳- اشعار نساخ ۴- مرغوب دل ۵- دفتر بے مثال ۶- گنج تواریخ ۷- چشمہ فیض ۸- قند پارسی ۹- زبان ریختہ ۱۰- قطعہ منتخب از جلوہ گری طبع وقاد مولوی عبد الغفور خان بہادر۔

کلیات سودا - قصائد و مثنویات و دواوین و رباعیات از کلام تاج الشعرا مرزا رفیع السودا مستند الکلام۔

کلیات نظیر - اکبرآبادی۔

کلیات تراب - مجموعہ جسمین چند کتاب ہین ۱- دیوان ۲- مثنوی عاشق صنم ۳- گلہر بان ۴- شجرہ قادریہ۔

کلیات صنعت - کلام شاعر مستند میان کریم الدین صنعت۔

کلیات ناسخ - دو دیوان صفحہ اور حاشیہ پر نتیجہ بلندی فکر شیخ امام بخش ناسخ شاعر مستند لکھنوی۔

کلیات آتش - طبع زاد سخنوران نامی خواجہ حیدر علی آتش لکھنوی معاصر ناسخ۔

کلیات نظام - کلام سخنور خوش فکر نواب محمد مروان علی خان بہادر۔

کلیات تسلیم - جسکا نام تاریخی نظم ارجمند ہے نتیجہ خوش فکری زبان آور بلند خیال منشی امیر اللہ تسلیم شاگرد حضرت نسیم دہلوی۔

کلیات میر تقی - اوستاد مستند مسلم الثبوت کا کلام بعد نظر ثانی مکرر چھپا۔

کلیات ظفر - کلام الملک ملک الکلام چار جلد مین ۱- جلد اول و دوم یکجائی۔ ۲- جلد سوم و چہارم یکجائی۔

کلیات مومن خان - جدید الطبع۔

بہارستان سخن - اسمین تین استادون کا کلام ہے ہمطرح اور ہمقافیہ غزلین۔ ا- شیخ امام بخش ناسخ ۲- خواجہ بدر علی آتش ۳- مہدی حسین خان آباد بڑی معرکہ کا مجموعہ ہے ہر ایک استاد نے زور طبع دکھایا ہے بہد نگر ترجیح بلا ترجیح کہنا زیبا ہے۔

دیوان رند مسمی بہ **گلدستہ عشق** کلام نواب سید محمد خان رند شاگرد خواجہ حیدر علی آتش۔

دیوان فدا - از موج خیزی طبع وقار مولوی فدا حسین وکیل عدالت دیوانی۔

دیوان غافل - کلام سخنور ہمپایہ آتش و ناسخ منور خان

دیوان فرق - از نتیجہ فکر سخنگو عالی خیال سید ابراہیم علی فوق۔

بعون صانع کن فکان و فضل خلاق زمین و زمان

دیوان گویا

مطبع نامی منشی نولکشور میں بخشش زیبائش منطبع ہوا

دیوان وفا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بہار مین ہو اگر ساقیا گلاب قلم
عروس فکر کو دکھلائیگا شباب قلم
قلم بناؤن جو منقارِ عندلیب کا مین
لکھا ہی وصف جو اوسرو تیری قامت کا
صفت لکھون اگر اوس چشم نیم خواب کی مین
خیال زلف مین مانند شاخ سنبل تر
ریاض دہر مین ہی بعد رنج راحت بھی
یہی اشارہ ہی اب چشم مست ساقی کا
اگر مری گل مضمون کی وہ صفت پوچھی

کھلے یہ غم سے نہ شیشۂ شراب قلم
کرے مدادسے کیونکر نہ اب خضاب قلم
نہ بوستان کی سوا پھر لکھے کتاب قلم
بنا ہے مصرعۂ شمشاد کا جواب قلم
ہو مثل سبزۂ خوابیدہ مست خواب قلم
ریاض فکر مین کھاتا ہی پیچ و تاب قلم
کہ پھول کھلتے ہین ہوتا ہی جب گلاب قلم
کہ وصف کشتی مے مین چلے شتاب قلم
صریر سے وہین بلبل کو دی جواب قلم

مطلع

Allama Iqbal Library
58078

ST 01
131

J. & K. UNIVERSITY LIB.
Acc. No. 3 580..
Date 11. XI. ..

کرے صریر سے وصف اوس رخ کتابی کا
یہ کیا ہی دخل کوئی بات بچ کے رہ جائے
نہ کام لکھنے سے ہوا سے جنون نہ پڑھنے سے
خیال اگر خطِ مشکین کا ہو دم تحریر
کنوفلاک سے تصدق ہو مثل پروانہ
بیاض چشم پہ لکھون مین حسرت دیدار
کہون مین دیکھ کے قلمین رخ مخطط پر
نہین ہی ڈر مجھے روز حساب کا زاہد
ہمارے خط کو اگر پڑھ کے یار ای قاصد
نہ چل سکے کبھی مانندِ پای خواب آلود
صدای تار ہر نال قلم مین او مطرب
اگر لکھون صفتِ چشم مست ساقی مین
لگائیگا مجھے نیز یہی ہی بس تعبیر
جو وصف زاغ کمان لکھی او شکار انداز
مین وہ ہون ساغر معجز رقم سن او بلبل
اگر ڈبوئے شجرف مین پے تحریر
بھلا ہو فائدہ کیا ایسی ہرزہ گوئی سے

رکھے یہ نوک زبان مطالب کتاب قلم
کہ صید ساری ہین مضمون اور عقاب قلم
رکھی ہی طاق پہ مدت سے یان کتاب قلم
تو بے مداد لکھے نامہ کا جواب قلم
کہ وصف رخ سے بنا شمع ماہتاب قلم
اگر بہے غرہ دیدہ پر آب قلم
کتابی چہرہ سے پیدا ہوئی کتاب قلم
نہ لکھ سکے گا مرے جرم بے حساب قلم
اوٹھائے ہاتھ مین اپنے جواب قلم
ہو بخت خفتہ کی خوبی سے مست خواب قلم
لکھی جو تیری صفت بنگیا رباب قلم
بنائے دائرون کو ساغر شراب قلم
دیے ہین یار نے مجکو میان خواب قلم
تو اپنے ہاتھ ہو صورت غراب قلم
صریر سے تری نالو نکا دے جواب قلم
یقین ہی صورت گلگون چلے شتاب قلم
زبان خراب نکر خانمان خراب قلم

کہی اب مضمون مین گر غرض ایسے دو مطلع
ہر ایک جس مین ہو مصرع لاجواب قلم

مطلع

ہما ہوا ہی تری مدح سے وہ اے مولا
صفت ترے دندان کی گر بیان کرے
لکھوں میں شرح جو تیرے کلام رنگین کی
ہر تیری مدح کا غفلت میں کبھی خیال مجھے
ہین رشک گلشن جنت کہوں بیتان کو
لکھوں ترے سر مجروح کا جو مرثیہ میں
ہوا ہے جب سے کہ تحریر دفتر تقدیر
صفت لکھوں میں اگر تیرے گرز روشن کی
لکھا جو نام ترا لوح پر ہوا ممتاز
ہوا تو دست بقبضہ نہ حرف حق کلمہ
تو تیرے دشمن موذی کا نام میں لکھوں
چلے گا تیرے عدو کے لیے جو صورت تیر
صریر کلک سے ہو شور الامان پیدا
لکھے جو وصف تری قہر شعلہ افشان کا
صریر کلک سے زہرہ ہو آب آتش کا
تری نسیم عدالت سے اے کرم گستر
شہا یہ تیری عدالت کا گرم بازار

جو میرے ہاتھ میں تھا صورت غراب قلم
زبان دھو لے کی مانگے گہر کی آب قلم
کرے مداد کو رنگینی سے شہاب قلم
لب بیان نعت ہو جاری میان خواب قلم
جو وصف شیر خدا میں لکھے کتاب قلم
تو جائے اشک سیہ روئے خون ناب قلم
وہ تیرے ہاتھ میں ہر پا ابو تراب قلم
تو میرے ہاتھ میں ہو شمع ماہتاب قلم
کہ چوب خشک کو حاصل ہوا خطاب قلم
زمین پہ تو نے رکھا یا ابا تراب قلم
تو کھائے سانپ کے مانند پیچ و تاب قلم
کمان کے خانے میں رکھے گا یا تراب قلم
جو صفحے پہ لگے لکھنے ترا عتاب قلم
بنائے طائر مضمون کو بھی کباب قلم
اگر لکھے صفت شعلۂ عتاب قلم
ریاض خلد میں ہوتا نہیں گلاب قلم
کبھی ہوا نہ سر شمع ماہتاب قلم

الٰہی تاکہ رہے صفحۂ جہان قایم
جہان مین شاہ ولایت کی دوست ہین جتنے
جو دوستون کو سمجھتے ہین دشمنان علیؑ
علیؑ کا صفحۂ عالم مین جو کہ دشمن ہو
لکھا کرون مین سدا وصف ساقیِ کوثر
اگر مرون مین الٰہی تو خاک سے میری

الٰہی تاکہ رہے دہر مین کتاب قلم
بجز ثواب نہ اونکے لکھے عذاب قلم
تو اونکی سر کو کرے تیغ بوتراب قلم
تو روسیہ کرے ایسی طرح شتاب قلم
پیالے دائرے ہون کیفی شراب قلم
ہر اک کفن پہ لکھے نام بوتراب قلم

قصیدہ در مدح حضرت خاقان زمان و خدیو کیہان

ابو المظفر معز الدین شاہ زمن نصیر الدین حیدر بادشاہ غازی زاد ملکہ و سلطنتہا

برنگ گل جسے اب دیکھیے وہ خندان ہے
بنا یا ہند کو گلشن بہار نے ایسا
بہار باغ مین کیا کیا کھلا رہی ہے گل
چمن مین کیجے اشارہ جو سوئے نخل حنا
ریاض دہر مین پھرئیے تو سایہ کی صورت
چمن مین بات جو کیجے تو منہ سے پھول جھڑے
زمین پہ دانہ جو پھینکا تو گر کے نخل ہوا

بہار عیش سے ہندوستان گلستان ہے
کہ شوق سیر مین سرو چمن خرامان ہے
شگفتہ غنچۂ منقار عندلیبان ہے
تو ساتھ اشارے کے اونگلی برنگ مرجان ہے
مراد دل عقب آرزو شتابان ہے
اب ان دنون مین یہ فیض بہارستان ہے
نمو کی سعی سے صیاد سخت حیران ہے

5

پڑھا ایک مطلع رنگین غزل کا ای گویا
چمن سا سبزہ ہے آب رواں ہے جانان کا

مطلع

یہ مضمون حضور معلیٰ مین اور یہ ایک مطلع
کہتا ہون غیرت خاقانی اور رشک قاآنی
خدا کے فضل سے جو آج شاہ شاہان ہے
اب اسکو ہے یہ ذوق کہ ہر ایک مطلع اپنے غزل کی
کہ جیسا شعر مین اصلاح شاہ دوران ہے
وہ کس طرح نہ بھلا شاعرون مین ہو ممتاز
یہ فیض تربیت سیرت سلیمان ہے
نگین ہر سخن سلیمان ہو گا مضمون
کہ ملک شعر دم اصلاح گوہر افشان ہے
سبب ابلق ہے سکا مراد و سلک
یہ از ہنر سے ہاتھ آتے ہی ظاہر مضمون
گوہر افشان ہے

مطلع

وہ ہے شاہ تن ہند کے لیے جان ہے
فروغ دیدہ ایران چراغ توران ہے
وہ بخشش ہے کہ جس سلطنت مین قدر ترا
کہ جس بزرگی عدالت ہے بار احسان ہے
ستاتی سے سایہ مین شاہ ہر اک قریب و بعید
کہ آفتاب کو نزدیک و دور یکسان ہے

دیوان ۶

قلم مین لکھتی ہے بالیدگی سی وقت رقم
ہر ایک سطر مگر شاخ عشق پیچان ہے

دکھاؤ کھائے رخ زخم و زلف کہتی ہین نگار
اگر وہ ہم چمنستان یہ سنبلستان ہے

زمین پہ دھوکے سے دوڑائے ہاتھ گلچین نے
کہ اپنے سائے پر اوسکو خیال ریحان ہے

ہوا کے جھوکے سے اوڑ کر گرا جو یوسف گل
تو چاہ باغ عنادل کو چاہ کنعان ہے

نسیم پھرتی ہے مانند خضر کہتی ہوئی
کہ دست شاخ مین گل جام آب حیوان ہے

بجائے بادہ ٹپکتی ہے تاک سے مستی
پیالہ دیکھیو ساقی کہ دورستان ہے

بجا ہے کہیے ہر اک گھر کو خانہ باغ اگر
ستون خانہ شمشاد باغ یکسان ہے

نہ کس طرح سے گلستان ہند ہو سرسبز
کہ دست فیض شہنشاہ مثل باران ہے

یقین ہے سیر کو اب آئے بلبل شیراز
گل نشاط سے ہندوستان گلستان ہے

سمجھ کے دار امان آتی ہے یہان خلقت
کہ شہر کشتی نوح و زمانہ طوفان ہے

سپہر ملک مین ہو کیون نہ ہند برج حمل
کہ خانہ شرف آفتاب تابان ہے

سپہر مرتبہ سلطان نصیر دین حیدر
ہے بادشہ جو کوئی تو وہ شاہ شاہان ہے

زمین کی طرح قدمبوس آسمان ہوتا
مگر وہ منتظر حکم شاہ دوران ہے

ہر اک صدف رخ دریا پہ ہے حباب آسا
کہ دست شاہ در افشان برنگ نیسان ہے

نہ کس طرح کہیے اوسکو جہان شاہ جہان
زمین کی طرح فلک اوسکے زیر فرمان ہے

اب ایسے شاہ کا گویا ہون مین شاگرد
کہ جسکے ملک معانی بھی زیر فرمان ہے

نہیں ہے تیری نہ دریا دلی سے نسبت او
سر موج صفت دریا تو ہے بھرے خط بطلان ہے
حباب کے ناک سے سر مین بادبان ہے
غضب ہے ملک مین بر قیام تو او راحت سے
سر رزم تیغ غنچہ انداز ہے
کہ شاہ و مہ کی طرح ہے
دل کشادہ ہے سیمین زبان ہے
عطا کرے اب نہ در و دولت سے سخن ہون

گدا سے تیرے سب لب لعل بدخشان ہے
کہ آسمان ہے زمین وہ ماہ لطف خسروانہ ہے
مین ان کے گرد ہی تیرے قیام مین نہان ہے
سب ایک ہیں جب سے جلا ہے دست ملکہ خاقان ہے
بہرہ ہے اب سیم خم سے ملکہ دیوان ہے
بتا ان بیچ ہین حب سے زمین و آسمان پریشان ہے

جہان

جہان کو تیغ حوادث سے کسطرح ہو گزند — کہ چار سمت کا چار آئینہ نگہبان ہے

دعائیں دے کے تجھے شب کو سوتی ہے خلقت — ہر ایک در کے لیے وزد مثل دربان ہے

کسی غریب کے گھر تک بھلا کر آئے چور — گنند موج لیے سیل بھی گریزان ہے

شہا ہے بازی ترے آگے تیغ بازی بھی — سر عدو خم تیغ گوی و چوگان ہے

فراز دست عدو کیون نہ سیکھے پائون سے — کہ تیغ قبضے سے سر جسم سے گریزان ہے

خرید کیجیے کوڑی کنار کی دے کر — متاع جان عدو آج کل یہ ارزان ہے

ترا عدو جو سکندر بھی ہے شہا بالفرض — تو ڈر سے صورت عکس آئینے میں پنہان ہے

عدو کے قبضے سے بے چھینے تیغ ہاتھ آئے — ترا وہ جذبۂ آہن ربای فرمان ہے

کمان سے تیر ترا نکلے کیا برائے شکار — کہ جو ہے صید وہ قربان پہ تیری قربان ہے

بجاے پر نکل آئے ہین استخوان رخ سے — ہمارے تیر کے ڈر سے یہ صید لرزان ہے

کیا ہی حکم جو تو نے نہ رہنے پائی شراب — خمون کو توڑ کے ہر بادہ کش گریزان ہے

اسی سے کہنے لگے آفتاب اوسے شاعر — کہ نام سے نہ کوئی لے ترا یہ فرمان ہے

لگے نہ پھر جہان میں کچھ اوسکا نعل بڑا — کہ بہر کشتی مے قہر تیرا طوفان ہے

یہی ہے ڈر نہ کوئی دے شراب سے تمثیل — فلک پہ دیکھیے تو آفتاب لرزان ہے

عوض میں غنچہ کے توڑین گلابیان گلچین — بہار شرع سے ہندوستان گلستان ہے

پیالے ٹوٹتے ہین آپ مثل جام شراب — ترا یہ رعب ہے یہ حکم ہے یہ فرمان ہے

لکھین جو تحفۂ مرصع یہ تیری تعریفین + — قوخانۂ دوزبان آج گوہر افشان ہے

یہ جلد رو ہے کہ پل مین نگہ سے غائب ہو
اگرچہ ڈیل مین وہ مثل چرخ گردان ہے

کریگا نفی عدو کو ترے یہ ثابت ہے
کہ دونون دانتون کو اک شکل لا نمایان ہے

جو دیکھون فیل فلک رتبہ کو ترے تو کہون
برنگ کوہ یہ ای خسرو جہانبان ہے

نہین ہین دانت کہ فرہاد کرہین دست دراز
نہین ہے سونڈ یہ شیرین کی زلف پیچان ہے

دعا کے واسطے گویا اوٹھا تو اپنے ہاتھ
صفت کا اوسکی بیان تجھ سے غیر امکان ہے

الٰہی تا رہے گل سے محبت بلبل
بہار زلف سے جبتک جہان گلستان ہے

ریاض دہر مین جبتلک رہے گل خورشید
الٰہی تا کہ گل ماہتاب تابان ہے

دکھائی دے گل رعنا کیطرح تا شب و روز
خوشی سے تا کہ یہ طاؤس چرخ رقصان ہے

ہمیشہ عارض و گیسو کو تا کہین شاعر
اگر یہ ہے چمنستان وہ سنبلستان ہے

زمین فلک پہ یہ جبتک ثوابت و سیار
زمین پہ تا کہ یہ گردان سپہر گردان ہے

ہمیشہ عمر دراز خضر کا تا رہے ذکر
جہان مین تا کہ یہ ظلمات و آب حیوان ہے

سپہر آئے نظر جب تلک کہ بازیگاہ
ہلال و مہر مین تا لطف گوی چوگان ہے

الٰہی تا رہے اور رنگ زرنگار سپہر
زمین تا شہ خاور کے زیر فرمان ہے

رہے مدام تو با تخت و تاج و جاہ و حشم
کہا کرے تجھے خلقت یہ شاہ شاہان ہے

قصیدہ در مدح حضرت خاقان زمان و خدیو جہان ابو المظفر معز الدین شاہ زمن نصیر الدین حیدر بادشاہ غازی زاد ملکہ و سلطنتہ

آنسو ہین روان لب پہ ہے دم چاک گریبان | ہے کون ترے بے سر و سامان کے برابر

جب خال سیہ دیکھے رخسار پہ کیسے | ہندو کوئی بیٹھا ہے مسلمان کے برابر

چھالون نے مرے پاؤن کے آنکھو نپہ جگہ دی | سمجھے ہین ہر اک خار کو مژگان کے برابر

وہ رشک پری جا جو گلگشت چمن کو | ہو تختۂ گل تخت سلیمانؑ کے برابر

پروانہ بنے فاختہ اور شمع بنے سرو | یار آئے تو ہو بزم گلستان کے برابر

میری غزل گرم کا اب مطلع روشن | ہے مطلع خورشید درخشان کے برابر

مطلع

روتا ہون گھڑا ہین در جانان کے برابر | نہرین ہین روان روضۂ رضوان کے برابر

گل کھا کے بنا ہون مین گلستان کے برابر | نالے ہین مرے مرغ خوش الحان کے برابر

ہر چند کہ موزون ہے ترا سرو بھی قمری | لیکن نہ مرے سرو خرامان کے برابر

کہتا ہے خضر دیکھ کے سرخی تری لب کی | خون کس کا ہوا چشمۂ حیوان کے برابر

قربان مری ایسی اسیری کے رہائی | یوسفؑ مرا آیا در زندان کے برابر

ایسا ہی جلا دیکھ کے تیرا قد و قامت | ہے سرو چمن سرو چراغان کے برابر

تم کشتون کے مدفن پہ جو آؤ تو سمجھ کر | لے جائے کوئی ہاتھ نہ دامان کے برابر

یہ عشق نے کیا آگ لگا دی ہے الٰہی | دوزخ بھی نہین سینۂ سوزان کی برابر

ہے مبیح ہوا تیر و کمان شاخ خمیدہ | بن تیر سے ہر اک غنچہ ہے پیکان کی برابر

بوسہ وہ نہین لے لونگا مسلمان ہون ای بت | عارض کو نہ کہیو کہین قرآن کے برابر

۹

[illegible]

بخشی ہے ترے روز حمایت نے یہ طاقت
ہر طفل ہے اب سامِ نریمان کے برابر

جنگل میں جہان کوئی نگہبان نہیں ہے
وان گرگ سے تاثیر ہے چوپان کے برابر

رہتا ہی شرر آب میں اب صورتِ مرجان
ہی شمع کا بھی چور نگہبان کے برابر

تا حسن عدالت کا ہو پاسنگ نہ موزون
خورشید ہمیشہ رہے میزان کے برابر

چورون کی طرح ہاتھ لگے وزد حنا بھی
اللہ رے فرمان ترے فرمان کے برابر

دروازے کھلے چین سے کیا سوتی ہے خلقت
ہے روزنِ در دیدۂ دربان کے برابر

ایسی ہے ترے عہد میں اسلام کی عزت
ہے رشتۂ تسبیح رگِ جان کے برابر

جو طوف ترے در کا کرے ہو وہی حاجی
تیرا ہے مکان کعبۂ ایمان کے برابر

گر تیری شجاعت کا کرون حال میں تحریر
ہو جائے قلم خنجرِ بُران کے برابر

افسانہ کہون گر تری شمشیر دودم کا
دشمن کو سلا دون وہین میدان کے برابر

تلوار تری روز وغا برق نظر آئے
سر دشمنون کے قطرۂ باران کے برابر

گر کاٹ سناؤن میں تری تیغ دودم کا
ہو ملک عدو شہر خموشان کے برابر

ہے دوست کو تلوار تری نوح کی کشتی
اور آب عدو کے لیے طوفان کے برابر

بجلی گرے دشمن پہ جو ہو عکس فگن تیغ
سایہ بھی ہے اک برقِ درخشان کے برابر

ہے اسپ فلک سیر ترا غیرتِ خورشید
ڈانٹے تو اگر اوسکو تو بس ہان کے برابر

جائے کبھی مشرق کبھی مغرب وہ چھلاوا
بجلی سا کبھی گنبدِ گردان کے برابر

اوڑنے میں اگر کہیے تو وہ رشکِ پری ہے
خصلت میں جو دیکھو تو ہے انسان کے برابر

قصیدہ در مدح حضرت
خاقان زمان خلیفۂ گیہان
ابوالمظفر معز الدین شاہ زمن
غازی الدین حیدر بادشاہ
غازی زاد ملکہ و سلطنتہ

[illegible]

خیال سنبل خط مین جلون جو مین وحشی — قلم کی طرح مرے نقش پا نہین زنجیر

زبان سے گو نہ کہا حال ناتوانی کا — شکست رنگ سے کرتا رہا ہون مین تقریر

فتادگی مری منظور کلک قدرت تھی — جبین نقش قدم پر لکھا خطِ تقدیر

وہ شوخ طفلی مین کرتا تھا مشق بسمل کی — صریر کلک پہ رکھتا تھا تہمت تقریر

نظر پڑی تری بسمل کی جیسے بیتابی — فرہ کی شکل ہی جنبش مین جوہرِ شمشیر

فلک کے پار ہوئی اپنی آہ نیم شبی — ہمارے تیر سے صیاد ہو گیا نخچیر

وہ کوہکن ہون کہ دکھین جو عزم کوہ کنی — تو آب تیشہ روان ہو بجای چشمہ شیر

رقیب دیکھ کے کٹتے ہین اسلیے ہمکو — کہ آب تیغ سے اپنی ہی خاک خمیر

وہ ہم سخن ہو تو عیسیٰ کا دم پھڑک جاے — یقین ہی معجزہ لب سے بول اوٹھے تصویر

مرے سبب سے جنون کا ہی سلسلہ باقی — قدم سے ہی مرے آباد کوچۂ زنجیر

کسی کے قامت موزون کا دھیان آتا ہی — تو چاہیے غزل عاشقانہ ہو تحریر

مطلع

ہنوز عشق جوان ہے اگرچہ مین ہون پیر — اک آفتاب ہی مثلِ سحر گریبان گیر

لکھون جو بیني و زلف و دہن کی مین اوصاف — کہین یہ سب ہے الف لام میم کی تفسیر

کرو جو شرح جدائی تو ای کمان ابرو — جدا ہین لب سوفار سان لب تقریر

ہمارے ضعف کی تاثیر دیکھ ای مجنون — دکھائی دیتی نہین صورت صدا زنجیر

مطلع

بوسے ہیں تیری حفاظت سے جبکہ [illegible]
ہوا نہ زاغ کمان آج تک [illegible]
اثر زمانے میں ظالم ہیں مہر و ماہ [illegible]
کمان چرخ کو دیکھو تو وہ بھی ہے [illegible]
تری نسیم کرم گر نہ اس چمن میں [illegible]
خراب پانی سے ہو شعلہ گلشن تصویر [illegible]
تو چشم کم سے جو اوسکی طرف نگاہ کرے [illegible]
ہلال سے بھی دو چند ان ہوا نحیف [illegible]
ہوا وہ تیر ترے اشارے سے جو ہو نا حق
کھلا ہے ناخن ابرو سے عقدۂ تقدیر
ترے غضب کی صفت میں لکھا ہے جو مطلع
تو شکل شور قیامت ہوئی قلم کی صریر

مطلع

نگاہ قہر سے تیرے ہزار [illegible] نکلی [illegible]
ابھی ہو طائر رنگ حنا فلک نخچیر
کبھی جو وہ ترے بجلے حسام [illegible]
مثال طوق بنے ماہ نو فلک ہو اسیر

ترے کرم کی بدولت یہ حال ہے نہ ہوئی حقیر
کہ خاک در کی طرح پایمال ہے اکسیر

نہ کیوں ہو صورت ورج گہر دہان سوال
کہ تو ہے بحر سخا تیرا فیض ابر مطیر

ترے کرم سے گدا ایسے نوا ہوئے ایسے
کہ شش آب گہر ہو گئی ہے موج حصیر

زبسکہ ہے ترا دریائے فیض طغیان پر
گدا نے آب گہر سے کیے ہیں گھر تعمیر

ترے بہار کرم کا یہ فیض ہے جاری
نکل کے صفحے سے اوڑتی ہے بلبل تصویر

لیا ہے سرو کو آزاد تو نے گلشن میں
صفات بندہ نوازی ہو مجھ سے کیا تحریر

لگے ہیں نخل تصاویر میں بھی پھول اور پھل
نہال ہیں تری بخشش سے گلشن تصویر

غریق آب گہر ہے فقیر کی کشتی
ترے کرم سے ہوا پانی پانی ابر مطیر

طلب جو کرے جو کوئی مشک اوسکو بخشے ختن
جو شال مانگے کوئی بخشدے اوسے کشمیر

جو دیکھی تیری سخاوت فلک کے اوڑ گئے ہوش
گدا کو گاو زمین دے بجائے کاسۂ شیر

پڑھوں اک اور بھی مطلع تری صفت میں غلام
ثنا اگرچہ ہے قاصر مرا لب تقریر

مطلع

یہ ہی ترے در دولت کی خاک کی تاثیر
کہ جس فقیر کو دیکھو ہے صاحب اکسیر

لکھے گا منشی گردون کچھ اپنا حال تجھے
ترا وہ رتبہ ہے اے آفتاب عالمگیر

یہ کہکشان کا نہیں خط فلک کے صفحہ پر
کہ عرضداشت کی مداوسنے کی شہا تحریر

وہ تیرے عدل و حفاظت میں اب لکھو مطلع
کہ جسکا مطلع ثانی ہے مہر عالم گیر

[illegible]

قصیدہ

[illegible]

ہزار بار پھر آئے وہ ربع مسکون مین
فلک کے ساتون طبق ایکدم مین طے وہ کرے
جو دیکھے اوسے نام خدا تو اوڑتا ہے
اوسے ہی تار نگہ تازیانے سے افزون
سوار فیل پہ دیکھین تجھے تو سب یہ کہین
لکھون وہ فیل کی تعریف مین نیا مضمون
جو فیلبان ہی فرہاد تو ہے تیشہ کلک
یہ جلد رو ہے کہ ٹھہرے نہ ایکدم ہرگز

نگہ کو تا مژہ ہوئی آنے مین تاخیر
تری سمند کو کیونکر کہون نہ عرش مشیر
بجا ہے رنگ پریدہ کے گر کھیچے تصویر
جو دیکھے تو نکلجائے صفحے سے تصویر
کہ آج رات کو نکلا ہے مہر عالمگیر
قلم نے آج تلک جو کیا نہو تحریر
پہاڑ فیل اگر ہے تو دانت چشمۂ شیر
اگرچہ سطر مین ہون مضمون فیل کو زنجیر

یہ دخل کیا ہے تری مدح کر سکے گویا
تری صفت مین ہے قاصر شہا لب تقریر

اوٹھاؤن پھر دعا ہاتھ اپنے ای مولا
الٰہی تا رہی قائم یہ آسمان و زمین
فلک پہ تا رہین اختر زمین پہ آدم زاد
مژہ کو تیر کہین اور کمان ابرو کو
نگاہ یار ہو یا رب بلائے جان جبتک
کمان چرخ تری دوست کی ہو حلقہ بگوش
الٰہی شرق سے تا غرب تیرا حکم رہے

کہ تو ہے شاہ زمن مین ہون تیری در کا فقیر
الٰہی تا کہ رہے آفتاب و ماہ منیر
الٰہی تا کہ رہے برق و رعد و ابر مطیر
ہمیشہ یار کی زلفون کو تا لکھین زنجیر
سواد چشم پری تا ہو سرمۂ تسخیر
ترے عدو کو لگائے شہاب ثاقب تیر
کہا کرین تجھے سب آفتاب عالمگیر

[illegible]

یہ رنگ دیکھ کے حیران ہوا ہین آئینہ وار — کہا خرد نے کہ ای سادہ لوح فکر نکر
بہارِ فیض سے اوسکے ہے یہ جہان گلشن — ہے جسکے ابر سخا کا ہر ایک قطرہ گہر
محیط پنجۂ مرجان لگی ہی نکالے ہاتھ — سخی بھی دست سخا کے ہین اوسکے دست نگر
تمام خلق کو اوس نے زبس نہال کیا — برنگ غنچہ ہے مفلس کی مشت مین بھی زر
پڑھون حضور مین اب لاجواب اک مطلع — اگرچہ وصف سدا غائبانہ ہے لب پر

مطلع

تری بہار کرم کا ہے فیض عالم پر — کہ پھل تو رکھتی ہے تلوار اور پھول سپر
ہر ایک فیض سے تیرے ہے زندۂ جاوید — یہ کیا ہے دخل کوئی ہو یتیم جسے گوہر
فقیر در پہ ترے جو گیا بنا وہ غنی — کہ تیری خاک قدم مین ہے کیمیا کا اثر
نسیم صبح کو گر حکم ہو حفاظت کا — نہ چاک ہووے گریبان غنچہ بار دگر
ذرا الم ہو کسی کو تو ہو زیادہ خوشی — جو نکلے آنکھ سے آنسو وہین بنے گوہر
ہلال بنتا ہے تسلیم کو مہِ کامل — صباح آتا ہے مجرے کو خسروِ خاور
نگاہِ گرم سے گلشن برنگ مجمر ہو — شمیم لطف سے بنجاے مثل گل اخگر
جہان کو ہے یہ تری چشم پرورش سی فیض — کہ طفل اشک کو دامن ہے دامنِ مادر
ترے تو عہد مین غم بھی یہ راحتِ جان ہے — کہ سر کے کٹنے سے ہوتی ہے شمع روشن تر
مثال سرو بنے شمع باغ ہو محفل — کرے جو بزم مین تیری نسیم لطف گذر

ہوا ہے آتش گل سے یہ عالم گلزار — کہ نخل طور ہین گلشن مین اک قلم اشجار

عجب ہی نام خدا لطف رنگ خاک چمن — حنائی ہوتے ہین پای بتان دم رفتار

نسیم گل مین ہے تاثیر معجزۂ عیسیٰ — نہ کوئی دیدۂ نرگس کو اب کہے بیمار

خروش خندۂ گل اسقدر ہے گلشن مین — کہ کان تک نہین آتی نوای بلبل زار

گذر جو زاغ کا ہو تو برنگ طوطی ہو — عجب نہین ہے جو زنگی بھی ہووے گلرخسار

جو گرد باد اوٹھے باد سے بنے وہ سرو — چلے جو باد خزان بھی تو ہو نسیم بہار

چمن مین لائین اگر عندلیب کی تصویر — تو صفحے سے وہ نکلجائے ہے یہ جوش بہار

جو باد صبح بناگوش مین کرون مین آہ — زبان تک آتی ہی آتے بنے نسیم بہار

زمین تو غیرت آئینہ ہے عجب کیا ہے — لگے جو بو لئے طوطی سبزۂ گلزار

اوگا ہی خندۂ گل تخم اشک بلبل سے — کہ کچھ تلف نہین کرتی بہار فیض آثار

بسان شمع کہ روشن ہو شمع روشن سے — رکھین جو شاخ ثمر دار پر عصا ہون بار

خمیدہ شاخ ہر اک گل کی ہی نزاکت سے — ہوا ہی رنگ بھی اپنا گلون کے اوپر بار

کہین نظر کے نہ صدمے سے نیلوفر ہو جائے — نگاہ کر نہین سکتی ہی گل پہ بلبل زار

یہ پاس نازکی شاخ گل ہے گلشن مین — کہ دم چرائے ہوئے پھرتی ہی نسیم بہار

برنگ عارض خوبان ہین صاف دیوارین — مثال گیسوی محبوب سایۂ دیوار

شراب اوس ہے گل جام غنچہ مینا ہین — نسیم لاتی ہے گردش مین اونکو ساقی وار

چمن مین پھرتی ہی مستی سے لڑکھڑاتی ہوئی — کسی روش پہ صبا اور کہین نسیم بہار

دیوان … ۱۵

مطلع

جو تیرا ابر کرم بحر پر ہو سایہ فگن
قدم کے فیض سے اکثیر ہووے گرد و غبار

لگے جو سنگ کو ٹھوکر تری تو بار ہو عج
تو گل صدف ہے شبنم بنے در شہوار

صبا کرے جو ترے جود کا چمن میں بیان
کہ جیسے برگ گل تر ہزار کیجے نثار

کروں میں عرض وہ رنگین مطلع ثالث
حیات میں ہوں لبان صدف در شہوار

مطلع

ترے سحاب کرم کا جو دشت میں ہو گذار
تو شاخیں آہوؤں کی سبز ہو کے لائیں بار

زمیں پہ ہاتھ جو تو دھو دے اے سحاب کرم
تو آب خاک کو کر دے طلا کے دست افشار

جہان اہل جہان تیرے زیر دست ہیں سب
زمیں پہ دست سخاوت ترا ہے ابر بہار

ہے ایک آئینہ بردار تیرا اسکندر
مثال قیصر و خاقان ہیں تیرے خدمتگار

جو بیٹھے تخت پہ تو سب کہیں سلیماں ہے
ہوں دست بستہ کھڑے انس و جن یمین و یسار

اگر بلندی اقبال کا نظارہ کرے
سر فلک سے گرے آفتاب کی دستار

شہا تو ظل الٰہی ہے اور خلیفۂ حق
قدم جو کرسی پہ رکھے تو ہو وے عرش وقار

چلے رکاب سعادت پکڑ کے افریدون
بجا ہے کہیے جو دارا کو غاشیہ بردار

رکھا جہاں کہ قدم تو نے اے سحاب کرم
بنا ہے ابر در افشاں زمیں سے اٹھ کے بخار

ہر اک صدف ہی تہی اب لبان درج حباب
ترا جو دست سخاوت رہا ہے گوہر بار

کرے نہ جیب سحر چاک بخیہ خورشید
شمیم زلف جو ہو تیری حامی شب تار

نعت سرور کائنات

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نہین بناتا ہی پا او سکے خوف جولان سے ۔ نہ گرد کھینچ لے جب تک کہ چرخ سی دیوار
گر اوسکی گرم روی کا بیان کرون کچھ بھی ۔ تو شکل برق بنے پھر مرا لب اظہار
عیان ہے صاف شب قدر سر کی چوٹی سے ۔ طلوع صبح ہے اوسکے جبین پر انوار
ہوا کے دوش پہ گویا کہ سنبلستان ہے ۔ ہے اوسکی گردن موزون پہ بال سی یہ بہار
دم سیاہ ہی یون جلوہ گر سر نو نمین ۔ کہ درمیان مہ و مہر ہے عیان شب تار
پھر آئے روی زمین سب وہ گام اول مین ۔ کہ جیسے صفحۂ قرطاس پہ پھرے پرکار
یقین ہی سیکڑون فرسنگ اوسکی جای صدا ۔ لگائے ساز مین مطرب جو موی بال کا تار
شہا صفت تری توسن کی مجھسے کیسے بیان ۔ خوشا وہ مرکب عالی کہ جسپہ تو ہو سوار
سوار ہووی جو فیل سیاہ رنگ پہ تو ۔ تو کہیے تو مہ تابان ہی اور وہ شب تار
جو دیکھین اوسکو کہین سب کہ چھا گئی ہی گھٹا ۔ کہین چمک گئی بجلی جو دیکھ لین رفتار
اگرچہ دائرے حلقے ہون سطرین ہون زنجیر ۔ نہ ٹھہرے تسپہ کبھی مضمون تیزی رفتار
جو پانی پھینکے وہ خرطوم سی کہین دہقان ۔ ہماری کشت پہ برسا ہے آج ابر بہار

کرون دعا پہ قصیدے کو ختم اے گویا
کہ مدح کر نہین سکتا مرا لب گفتار

نسیم صبح اجابت ہوئی ہی جنبش مین ۔ مین اپنے دست دعا کھولون غنچہ سان یکبار
الٰہی تا ہی گلزار خلد و باغ جنان ۔ چمن مین پھرتی رہی جبتلک نسیم بہار
بگوش دل سنین جبتک سخن کو صاحب فہم ۔ صدف مین قطرۂ نیسان ہوتا در شہوار

خون رووُن چشم زخم سے مین تیری یاد مین
یا رب نشانہ ہون تری الفت کے تیر کا
دل کو ہے پیش بیق ترے ذوق شوق مین
عالم ہو میری چشم مین ابر مطیر کا
روشن ہو تیری یاد سے دل مثل آفتاب
عالم جبین مین سجدے سے ماہ منیر کا

اگر نامہ مین لکھدون حال بیتابی دل کا
ابھی عالم ہو مرغ نامہ بر مرغ بسمل کا
یہ کرکے ہاتھ سے اپنے کیا گل شمع محفل کا
ہوا ظلم مین عالم جو منقار عنا دل کا
بوقت ذبح منھ کو پھیر کر تکبیر کہتا ہے
عدو قاتل ہے کیا اللہ اکبر ابھی بسمل کا
گرفتہ خاطرون کو زخم کاری ہے کشا دل کا
کرے وا ناخن دل عقدہ یہ اب میری مشکل کا

سلطان مرسلین کی گویا صفت کرون
کیا منھ بھلا ہے مجھ سے فقیر حقیر کا

تصور تھا جو وقت مرگ اک لیلی شمائل کا
وہی تھا جسکو مین سمجھا مین تو ایک مدت تک
تعلق ہوئے دامنگیر سالک کا یہ ممکن ہے
نہین ہے علم جانبازی مین کچھ حاجت معلم کی
خدا کی یاد سے غافل نکر اس تخلب خطا کی کو
لبان اشک بے تاثیر مین اس کشت عالم مین
نہین ملتی ہے ہاتھون کو گریبان کبھی صحبت
ہویدا ہے سواد منزل مقصود زاہد کو
سینہ زندان تن ہے روح صافی کیون نہ گھبرائے
نکھیون سے سو دریا تشنگی مین بدماغی سے
بھرا ہے جام مہر و ماہ مین شربت شہادت کا
ازل سے چلتے چلتے گو رنگ ہیچ نخچی مین مشکل ہے
برنگ خوشۂ انگور تھین لاکھون گرہ دل مین
زبان کی بند ہر جانب سے روزن کھل گئے دل کے
نہین ممکن کوئی سیراب ہو دریائے الفت سے

مرے تابوت پر دھوکا ہوا مجنون کو محمل کا
رہے غفلت رہا مین مدعی دعوائے باطل کا
نہین اب روان کو خوف موجون کی سلاسل کا
تڑپنا آپ ہی استاد ہے تعلیم بسمل کا
کہ نور ذکر رونق بخش ہے اس مہرۂ گل کا
ارادہ میر جو دانے سے نرکھے کوئی حاصل کا
پکڑنا قیس کو دشوار ہے دامان محمل کا
نہ پہونچا کعبے کو جو نابلد ہے وادی دل کا
ملک کو کسطرح خوش آئے مسکن چاہ بابل کا
اگر مین غرق ہون دامن کبھی پکڑون نہ ساحل کا
یہ مینائے فلک شیشہ ہے اک زہر ہلاہل کا
کنارہ اب تلک پایا نہین مقصد کی منزل کا
کھلا اک جام سے ساقی کے عقدہ میری مشکل کا
نظر کی بند پردہ اوٹھ گیا بس سد حائل کا
باین قربت ہمیشہ خشک لب رہتا ہے ساحل کا

[illegible]

مین مانگے جاؤن بوسہ گرچہ سو تلوارین مارے تو
زمین پر یار جب چلتا ہی دل پامال ہوتا ہے
تو وہ ہی سرو تجھسے اگر تشبیہ دیتا ہون
الٰہی زلف سے آئینہ رخ صاف کہ بیٹھے
شب فرقت کا گر وہ حال پوچھے کیوا ای قاصد
جو وحشت مین قدم رکھون زمین پر آسمان کانپے
تنگ ایسا غم فرقت سے ہون ڈوب بہی تا
جفا گر وہ کریگا تو وفا مین بھی دکھاونگا

وہان زخم سے مین کام لون لبہای سائل کا
قدم ہی عرش پر پڑتا مرے خورشید منزل کا
فلک پروانہ بنجاتا چراغ ماہ کامل کا
کہ ہے بیجا الجھنا ہر کسی سے کام جاہل کا
بہت رویا بہت پیٹا بہت تڑپا بہت بلکا
ہلا دی عرش کی زنجیر کو نالہ سلاسل کا
بتا دی قضا جو گھاٹ مجکو تیغ قاتل کا
دہان زخم سے لونگا بوسہ تیغ قاتل کا

برہنہ کیا ہی وہ دریا مین گویا تیغ عریان ہے
ہوا ہے مردم آبی مین عالم نیم بسمل کا

کوئی مجھ سا دیوانہ پیدا نہو گا
نہ دیکھا ہو جسنے کبھی اوسکے آگے
گیا ہوگا گلگشت کو جبکہ وہ گل
قیامت کے سنکر جو ہین اے ستمگر
کبھی اسکی ہمسے بنجائے گی ہرگز

ہوا ابھی تو پھر ایسا رسوا نہو گا
ہمین لن ترانی سناتا نہو گا
تو گلزار پھولا سمایا نہو گا
ترے قد و قامت کو دیکھا نہو گا
فلک جبتلک خوب سیدھا نہو گا

وہ ایسا نہین چپ رہے بات سنکر
کوئی اور ہووے گا گویا نہ ہوگا

[illegible]

عیب سے آ کے کھا گیا [illegible]
صاف ہو جاتا ہے دھوکا بھی کی مثال کا
شیشے کی مثال پر عکس دہان [illegible]
بندھ گیا مضمون جو ترے حقے کی مثال کا
کیا دھوان دھار آج ہے شعر موزون ہو گیا
بستر زمین سے نہ اٹھا ہے ہرن کی کھال کا
بن فقیری بن بھی خوف [illegible]
ہو گیا ہے صبر ظالم کی پریشان حال کا
ہے پریشانی سر ام گیسو [illegible]
شہرت دیدار مین ہو کا مرض پر بال کا
ہے یقین آنکھیں مری ابر [illegible] دیکھنے

دیکھ رفتار او ظالم ہوئی پامالی [illegible] خلق کا
ہم نہیں ملوار کے چلنے سے عالم چال [illegible]
یون نہ بن جائے زمین قدمون سے [illegible] آسمان
ہی برنگ ماہ نو سایہ تری [illegible]
ہے اسے عکس رخ سے [illegible] خوشبو [illegible] کا
روغن گل بن گیا ہے صاف روغن ڈھال کا
بھیجکر خط انتظار ایسا کہ [illegible] کا
ہو گئی آنکھون مین آخر عارض پر بال کا

ہاں ذرا اک رو یا کہ پہونچا تا فلک دریا اشک
دیکھکر داغ دل سوزان مرا نالان ہوا
جو اوٹھاتا ہے طمع سے ہاتھ وہ بلی یخ ہے
پانؤ مین پہنا جو تو نے ماہ کامل بنگیا
جب تری منہ سے دھوان نکلا بنا ابر بہار
مت چھپا رخ کو لب بام فلک پے نور ہے
اسقدر دلچسپ ہے شکل اوسکی گر بجائے عکس
دیکھ لیتا ہون جو مہر و مہ کو بارہ مرتبہ
جو کہ دنیا مین ہے وہ پستا ہے تیری چال پر
قتل کرنیکو جو آیا ہو گئی بس مجکو عید

عقرب گردون پہ دھوکا ہے گیا گھڑیال کا
آفتاب حشر کو دھوکا ہوا گھڑیال کا
طائر رنگ پریدہ کو خطر کیا جال کا
تھا برنگ ماہ نو حلقہ تری خلخال کا
دم مین کھل جائیگا غنچہ بھی تری رومال کا
مہر و مہ مین بن تری عالم ہوا تمثال کا
نقش ہے آئینہ تصویر مین تمثال کا
پھر تو ہوتا ہی یقین اوس دن مجکو سال کا
باغ عالم مین ہی عالم سبزۂ پامال کا
تیغ قاتل کو مین سمجھا چاند ہے شوال کا

پانون پڑتے ٹھوکرین کھائی گئی گویا کی عمر
نقش پائے یار ہے نامہ مرے اعمال کا

ہی جو مضمون فتنہ انگیز اسمین تیری چال کا
مردے جی اوٹھتے ہین سنکر ہے یہ طرز گفتگو
ابر کہتے ہین جسے ہے سایہ مژگان تر
خون ناحق سے لے نہ سر پر مہندی ہاتھ مین لے
چاندنی کا دنکو بھی زخمی تری رکھتی ہین خوف

اب زمین شعر مین بھی خوف ہی بھونچال کا
ایک عالم جسپہ مرتا ہے وہ عالم چال کا
دامن دریا ہے اک گوشہ مری رومال کا
دل پسا جاتا ہی او ظالم تری پامال کا
پرتو افگن ہے زمین پر چاند تیری ڈھال کا

دیوان [illegible] ۲۰

وہ چمن مین گیا اور مین ادھر سے بس [illegible]
سوز جلتی کی صدا نالہ ہوا گھڑیال کا
ہم فقیری مین بھی کھویا [illegible] اپنے لال کا
[illegible]

[illegible]

کون سویا تھا کھول کر زلفین
تار سنبل ہے تار بستر کا

اوسنے صندل لگایا ماتھے پر
درد دونا ہوا مرے سر کا

کیا بنائی کمان ابرو کی
چومیے ہاتھ اوس کمانگر کا

طائر جان کو نامہ بر کیجے
کون احسان لے کبوتر کا

کھو ابر بہار سے آئے
دیکھ لے جوش دیدۂ تر کا

وہ پری رتبہ مین سلیمان ہے
نقش پا آئینہ سکندر کا

خال مہرو سے دی ہے جو تمثال
ہے فلک پر دماغ اختر کا

زخم پانی چراتے ہین ظالم
مین وہ پیاسا ہون آب خنجر کا

داغ دل گر دکھاؤن اے گویا
ہو گمان آفتاب محشر کا

یہ اشارہ کر رہا ہے ہمکو حلقہ دام کا
ہو کف صیاد مین دانہ تمھارے نام کا

گر کبھی ہمچشم ہو چشم بت گلفام کا
پوست کھینچا جاے اس تقصیر پر بادام کا

کھل گیا گیسو چمن مین گر بت گلفام کا
موج بوے گل مین عالم ہو گیا گلدام کا

آنکھ پڑتی ہے جو اے صیاد ہر نخچیر کی
آنکھ کا ڈورا ہے کیا ہر ایک ڈورا دام کا

مجھ مین اور اوسمین اب ایسا ہے ہجوم اختلاط
دخل ہو سکتا نہین ہے بیچ مین پیغام کا

بھول جائے اپنا بل کرنا ابھی شاخ غزال
پیچ دکھلا دی جو تو گیسوے عنبر فام کا

تھی یہ الفت چشم جانان سے مجھے طفلی مین بھی
خنجر کے بدلے سدا شیرا اپنا بادام کا

۲۱

ہو گیا تاراج اپنا کشور صبر و قرار
سے مسی پان کا کھانا ہمین شبخون ہوا
انقلاب عشق آخر چرخ نے دکھلا دیا
لیلی وہ لیلی تماشائی مرا مجنون ہوا
مہندی ہاتھون مین لگا کر یار نے چھپا یا بہت
مغنت مین جب اوسکے ... خون ہوا

[illegible]

حق پہ سر کٹوا دیا ہے اب تو میں دیکھو تو مثل دوزخ جسم سے جنت میں اٹھتا ہی دھوان وصل کا وعدہ وہ کب لکھتا ہی نامہ میں مجھے	طعن ناحق ہے جو سر کاٹا گیا منصور کا بعد مردن بھی یہ عالم ہے تن محرور کا نام وصلی پر نہیں لکھتا جو مجھ مہجور کا

بادشاہی کو فقیری سے سمجھتا ہے ذلیل
حوصلہ تو دیکھیو گویا ہے بے مقدور کا

کشتہ ہوں تیغ نگاہ نرگس مخمور کا وصف گر لکھوں میں اسکے عارض پرنور کا دیکھ لے آگے زمیں کے آسماں ہتا ہی خم اشک مثل آبلہ ہیں اور قطرہ ہے چشم خار جائے حق پڑھنے لگیں زاہد انا الحق جذب سے جس نے دیکھا بس وہیں رونے لگا مانند زخم جام مے بے یار ہمکو آفتاب حشر ہے لب کبھی شکوے سے اپنے آشنا ہوتے نہیں بنگیا وہ طور میں جس کوہ پر نالاں ہوا شمع ساں سو بار سر کٹ کر مرا پیدا ہوا اپنے جھومر کو جو وہ دیکھے نگاہ مست سے ابر تر مژگاں تر ہے برق آہ شعلہ بار	زخم ہے ہر ایک ساغر بادۂ انگور کا ہاتھ میں میرے قلم بنجائے شعلہ طور کا خاکساری سر جھکا دیتی ہے ہر مغرور کا ضعف ہی اب چشم کی گردش سفر ہی دور کا رشتۂ تسبیح گر ہو بنیۂ منصور کا چشمۂ خورشید ہے چشمہ مرے ناصور کا قلقل مینائے ساقی صاف نالہ صور کا ہی دہان شکر ہر اک زخم مجھ مشکور کا نالۂ سوزاں فتیلہ ہی چراغ طور کا بوجھ او تری ہر نہ جھنکارا ہوا مزدور کا ہو ہر اک موتی میں عالم دانۂ انگور کا بیقراری سے یہ نقشہ ہی ترے رنجور کا

۲۲

چاند قاتل کی سپر کا جب عیان ہو جائیگا
جی نکلجائیگا تن سے تو گیا صیاد اگر
حسن روز افزون دکھائیگا جو وہ یوسف جمال
موت جب نزدیک آئی پھر ملا اوس سے تو کیا
مین وہ گریان ہون کہ بعد از مرگ تربت پر مری
وصف قاتل کا کرونگا مین وہان زخم سے
ای معلم مت پڑھا اوس طفل کو زیر و زبر
ہوگی زلفون سے صفائی روی جانان کی سبب
جلوہ فرما ہی جواب تیرے لب شیرین کی پاس
کھولدینگے شعلہ رو زلفین تو رو دیگا جہان
پست ہوگا آسمان ہوگی زمین سے سربلند
جو ہوا کامل وہ کرتا ہے خموشی اختیار
آستان یار چھوٹیگا نہ بعد از مرگ بھی
دل جلا تو آئیگا لب پر مقرر دود دل
شرح مو باف اوسکی چوٹی کا نظر آیا اگر
شور ہوگا چار سو اے یار المشتاق کا
ایک دل دینگے ہزارون اوسکی بو لینگے ہم

جامہ اپنی زندگانی کا کتان ہو جائیگا
طائر جان دیکھنا بے آشیان ہو جائیگا
پیر مانند زلیخا پھر جوان ہو جائیگا
فائدہ گر وہ ہوا تو بے زبان ہو جائیگا
ابر رحمت کا مقرر سائبان ہو جائیگا
ٹوٹ کر گر ریگیا خنجر زبان ہو جائیگا
جنبش لب سے تہ و بالا جہان ہو جائیگا
صلح ٹھہری گی جو قرآن درمیان ہو جائیگا
سبزۂ خط طوطی شیرین زبان ہو جائیگا
آنکھ سے نکلین گی آنسو جب دھوان ہو جائیگا
میرے نالون سے تہ و بالا جہان ہو جائیگا
ماہ نو جب بدر ہوگا بے زبان ہو جائیگا
سنگ مدفن مجکو سنگ آستان ہو جائیگا
آگ بھڑکے گی وہان اور یان دھوان ہو جائیگا
وصل مین مجکو شب خون کا گمان ہو جائیگا
ایکدم بھی تو جو نظرون سی نہان ہو جائیگا
فائدہ ہوگا بہت تھوڑا زبان ہو جائیگا

کی مجاور کا غم سینے میں مہمان ہوگا
جیسے چھوٹا ہوں میں اپنا ہی زندانبان ہوگا
یارب آباد یہ کلبۂ خانۂ زندان ہوگا
کوچۂ یار وہ جنت ہے جو وان رومین گے ہم
طفل اشک آنکھ سے نکلیگا تو غلمان ہوگا
ایک بوسہ لعل تو ہے اللہ کو منھ دکھلانا
آج منھ ہمکو دکھاؤ گے تو احسان ہوگا
لب جان بخش صنم کی جو لکھوں
نام گویا ترا اعجاز رقم

پھر ترے قد کا خیال آنے لگا گلشن مین
پھر کسی آئینہ رخسار سے الفت ہو گی

زعفرانی کسی تلوار کا پھر ہے رومال
چاہ پھر تیری جھکائی گی کنوئین ای یوسف

پھر لکھونگا تری رفتار کی خط مین تعریف
گھر مین دل پھر مرا گھبرانے لگا آپ سے آپ

پھر ہوا عشق تمہی ناوکِ مژگان سے مجھے
یاد پھر یار کی تڑپائی گی بجلی کی طرح

پھر مری نالون سے ہو جائیگا محشر برپا
پھر خوش آتی ہی مرے دل کو شبِ ماہ کی سیر

پھر ہوا جوشِ جنون جاؤنگا پھر صحرا کو
مجھ سے پھر مرنے پہ خوش چشم کرینگی کاوش

پھر طبیعت مری آئی لگی اک کافر پر
پھر مزا عشق کا چکھین گی مری زخمِ جگر

نخلِ ماتم مجھے پھر سروِ گلستان ہوگا
صورتِ آئینہ پھر دل مرا حیران ہوگا

پھر ہر اک زخم مرے جسم کا خندان ہوگا
پھر یہ دل شیفتۂ چاہِ زنخدان ہوگا

نامہ بر پھر مرا یہ کبک خرامان ہوگا
ای جنون پھر یہ مکان خانۂ زندان ہوگا

پھر عوض دل کے مری سینے مین پیکان ہوگا
ابر پھر ساتھ مرے رانون کو گریان ہوگا

چاک پھر صبحِ قیامت کا گریبان ہوگا
عشق پھر چاند سے مکھڑے کا دو چندان ہوگا

پھر ہر اک آبلے مین خارِ مغیلان ہوگا
سبزہ پھر قبر کا پامالِ غزالان ہوگا

پھر نہ دل ہوگا نہ دین ہوگا نہ ایمان ہوگا
ہاتھ مین پھر مرے قاتل کے نمکدان ہوگا

ان دنون پھر تجھے گویا جو ہی چپکی سی لگی
پھر ارادہ طرفِ ملکِ خموشان ہوگا

یہ مرکے عارِ خلائق مین درمت ہوا
کہ سگ کو بھی نہ مرا استخوان پسند ہوا

۲۵

نہ اجل آئی نہ وہ یار آیا یہ بھی نہوا وہ بھی نہوا
نہ تو وصل ہوا نہ وصال ہوا یہ بھی نہوا وہ بھی نہوا

ہر رگ کو شوق تھا نشتر کا مشتاق گلا تھا خنجر کا
لیکن نہ مٹا یہ مقدر کا یہ بھی نہ ہوا وہ بھی نہوا

تاثیر نہو جب ان مین ذرا روئے تو کیا تڑپا تو کیا
بجلی نہ گری طوفان نہ اوٹھا یہ بھی نہوا وہ بھی نہوا

نہ تو صدمۂ کوہ الم اوٹھا اور نزار یہ ہون تنکا نہ ہلا
مجھ سے تو سنا اے کاہ ربا یہ بھی نہوا وہ بھی نہوا

تڑپا نہ تہِ خنجر مین ذرا سر اپنا دیا شکوہ نہ کیا
تھا پاس ادب جو قاتل کا یہ بھی نہوا وہ بھی نہوا

کہتا تھا ہوا اوس سے وصال مرا یا جلد کہین ہو وصال مرا
تھا خواب مین بھی یہ خیال مرا یہ بھی نہوا وہ بھی نہوا

مینہ ہائے نہ برسا تیرون کا اور اون ابری شمشیرون کا
کچھ بس نچلا تدبیرون کا یہ بھی نہوا وہ بھی نہوا

بازار محبت گرم رہا اوس یوسف سے سودا نہ بنا
نہ تو مول لیا نہ تو آپ بکا یہ بھی نہوا وہ بھی نہوا

مین نزع مین تھا بلوا نہ سکا کوئی مجھے پہونچا نہ سکا

نغمہ سازنے وان شب تمھین بیدار کیا — یان ہمین آنسوؤن کے تار نے سونے ندیا

سوگیا شب کو جو مین اوسی جبین ٹھکرائی — میرے طالع کو مرے یار نے سونے ندیا

جیتے جی سمجھے تھے آئیگی عدم مین ہمین نیند — سو خیال دہن یار نے سونے ندیا

تیغ نے اوسکے گلے لگ کی سولایا مجھکو — کیا ہوا ساتھ اگر یار نے سونے دیا

خار کو بے کف پا میرے نہ آرام آیا — پاؤن کو آرزو خار نے سونے ندیا

یار نے وصل مین چاہا کہ مجھے نیند آئے — پر مرے طالع بیدار نے سونے ندیا

اوسکی آنکھونکے تصور نے اوڑادی مری نیند — اپنے بیمار کو بیمار نے سونے ندیا

وصل مین آنکھ لگی تھی کوئی دم اسکی عوض — عمر بھر چرخ جفاکار نے سونے ندیا

تمھین نیند آئی نہ وان فکر حنابندی مین — یان ہمین دیدۂ خونبار نے سونے ندیا

ہی یہ مشہور غلط سولی پہ بھی آتی ہے نیند — ہمکو یاد قد دلدار نے سونے ندیا

بال سا آنکھونمین کھٹکا کیا میری شب ہجر — یاد موے کمر یار نے سونے ندیا

جلد تلوار اوٹھالی مرے سر پر رکھکے — سایۂ تیغ مین بھی یار نے سونے ندیا

ہجر مین سوتے تو کیا وصل مین منھ دکھلاتے — خیر گذری جو غم یار نے سونے ندیا

قبر مین جنکو نہ سونا تھا سولایا اونکو — پر مجھے چرخ ستمگار نے سونے ندیا

چونک اوٹھا سبزۂ خوابیدہ چمن مین گویا
نالۂ بلبل گلزار نے سونے نہ دیا

تھا جو افتادگی شعار اپنا — نہ زمین سے اوٹھا غبار اپنا

[illegible]

کون ہیں وہ جو کیا کرتے ہیں انسان کو قتل / ہمسے سیماب بھی کشتہ کسی عنوان نہ ہوا
زور سے زیر کیا چاہیے نفس بد کو / آب سے خر تو کبھی مائل باران نہ ہوا
تخم بد نے کبھی فائدہ بخشے ہرگز / خس و خاشاک کبھی سنبل و ریحان نہ ہوا
آسیا آرد سے خالی ہے فلک کی یارو / اس سے کوئی کبھی منت کش دونان نہ ہوا
عشق کا بار اوٹھا تب ہی گردن پہ رکھا / حامل اس بوجھ کا جب گنبد گردان نہ ہوا
برق وش جب مجھے وحشت نے اوٹھایا یا نسے / اک قدم ملک دو عالم مرا جولان نہ ہوا
سینہ گرم مرا خود ہے تنور روشن / میں کسی سے کبھی منت کش اک نان نہ ہوا
عیب عالم کا نہ دیکھا مری آنکھوں نے کبھی / کبھی آلودہ غش دامن پاکان نہ ہوا

اک غزل اور سناؤ کوئی گویا ہمکو
اس سے آسودہ ہمارا دل نالان نہ ہوا

دیکھکر کون تری چہرے کو حیران نہ ہوا / کسنے دیکھیں تری زلفیں جو پریشان نہ ہوا
بیکسانہ میں ہوا خنجر قاتل سے شہید / کوئی جز زخم مری لاش پہ گریان نہ ہوا
جب میں سمجھا کہ یہ ہے سایۂ گیسوی دراز / پھر مجھے کچھ غم طول شب ہجران نہ ہوا
ہم وہ بلبل ہیں قفس میں ہی کٹی ساری عمر / گذر اپنا تو کبھی سوی گلستان نہ ہوا
اس تمنا میں ہم افسوس ہوئے سودائی / تیرے ہاتھوں سے مگر چاک گریبان نہ ہوا
جبتلک باندھو نہ خورشید رخ کا مضمون / مطلع صبح مرا مطلع دیوان نہ ہوا
ابر میں کب نہ چھپا شرم سے تیرے آگے / ماہ کس رات چراغ تہ دامان نہ ہوا

[illegible]

[illegible]

پیسے تمکین تصور بازعکس زلف جانان کا
کیا کرتا ہون نشانہ باغ مین گریباں سینہ کا
خدایا کیا عدم مین بھی ہے تشنہ آب حیوان کا
دہن مین دیکھ دانت اوس صنم کے
اوڑھی نرگس سے شبنم
تصور یار کا بڑھتی ہی چلی جاتی ہے جلوہ مہ تابان کا
کوئی مرہم نہین جز وصل ہی نقش فرنگیان کا
وہان شکوہ وارسا ہو دردہ ہجر جانان کا

سیہ کارون ہی کی خاطر ہے رحمت خاص عزّ و ابر
یہ ظلمات کی قسمت مین چشمہ آب حیوان کا
زبان میری ہوئی ہے صاف مچھلی آب کوثر کی
کیا ہے وصف از بس مینے اوسکی سلک دندان کا
تعجب کچھ نہین ہے طوطی خط ہو اگر گویا
کہ عارض رشک آئینہ ہو اوس عیسی دوران کا
دُر دندان کو دکھلایا تو ہوتا
ذرا دریا کو لہرایا تو ہوتا
حنائی ہاتھ دکھلایا تو ہوتا
کبھی مینھ خون کا برسایا تو ہوتا

اسی ڈھب سے رہگئی دل مین تڑپنے کی ہوس
صبح محشر ہے بیاضِ صفحۂ خامۂ صور ہے
آسمان اک آبلہ ہی پانوں کا اپنے جنون
دیکھکر چہرے پہ تیرے زلف مشکین کی بہار
ہاتھ روشن صبح کو تھا پنجۂ خورشید سان
ایک کافر کے غم فرقت نے زار ایسا کیا
سر جھکاتا ہی تہ شمشیر ہر اک آن کر
برگ گل ہر ایک تجھ بن تیغ خون آلودہ ہے
رو میسے حال دل صدپارہ ظاہر ہو گیا
شام کو پڑھنی نماز صبح واجب ہو گئی
چشم جانان کا ہمیشہ وصف جو لکھتا ہون نہین
گلشن دنیا کا پھل ہر ایک ہی برچھی کا پھل

پاس تھا خون سے بھی نہ آلودہ ہو دامن یار کا
وصف لکھا ہی جو ہمنے یار کی رفتار کا
ایک کا نٹا ہی ہلال اپنے کفِ پرخار کا
ہو قلق پھر باغ جنت کو فراقِ یار کا
ہاتھ مین جو ہاتھ دیکھا خواب مین شب یار کا
میری ہر رگ پر گمان ہی رشتۂ زنار کا
ہی خم محراب شاید خم تری تلوار کا
بن تری ہر سرو پر مجھکو گمان ہے دار کا
اشک خون رخنہ ہوا گلزار کی دیوار کا
روی خالمتاب سے سرکا جو گیسو یار کا
ہو گیا ہے اب قلم میرا عصا بیمار کا
چوب دربان ہی نہالِ خشک اس گلزار کا

مر رہے جی او ٹھتے ہین نالے سنکے ای گویا مری
بند ہو گیا ہے یہ تصور یار کی گفتار کا

جو داغ سینہ ہی ہمچشم ہے خورشید تابان کا
ہما کی سایہ سے بھی مرغ خائف سان گریزان ہو لینا
خیال اتنا نہین ذکر دیا ایسا اسے ناز ک

شعاع مہر ہے جو تار ہے میری گریبان کا
اندھیر اپنی دیکھا ہی جو اکثر شام ہجران کا
اوٹھا سکتی نہین ہے آنکھ اپنی بوجھ مژگان کا

[illegible]

[illegible]

کہے کب سرو کو آزاد بندہ
سمجھتے ہم ہین مصحف تیرے رخ کو
چراغ زیر دامن کیون بنے ہو
پس از مردن مجھے اے جاذبہ دل
نکالتے یاریون جلد اوس گلی سے
اگر آنکھین ہمین دی ہین خدا نے
دکھا کر رہ گئے کیا تیغ کا گھاٹ
جو کاہیدہ تھا مین تو کہربا سے
بنایا اے خدا اگر اوسکو یوسف

خط آزادی لکھوایا تو ہوتا
ہمارا ہاتھ رکھوایا تو ہوتا
ڈوپٹہ منہ سے سرکایا تو ہوتا
لحد تک کھینچکر لایا تو ہوتا
جنازہ میرا اٹھوایا تو ہوتا
کبھی اوس بت کو دکھلایا تو ہوتا
لہو مین ہمکو نہلایا تو ہوتا
مرے لاشے کو اوٹھوایا تو ہوتا
ہمارا ہاتھ بکوایا تو ہوتا

اگر کہتے ہو تم آئینہ رخ کو
کبھی گویا کو دکھلایا تو ہوتا

غم نہین اسکا مجھے مین مر گیا
اولٹی دکھلائی مسیحائی مجھے
ضعف سے جب پاؤن اپنے رہ گئے
مرنے پر بھولا نہ مجھ وحشی کو وہ
میرے ہوتے غیر پر کرتا ہے ظلم
تھم گئے آنسو تو دل کہنے لگا

غم یہ ہے قاتل کا خنجر پھر گیا
چھٹنے مین ہر بات پر مر مر گیا
راہ مین تیرے ہمارا سر گیا
آ کے اک چھاتی پہ پتھر دھر گیا
او ستم ایجاد کیا مین مر گیا
ہاتھ سے کیا کیسہ گوہر گیا

کتنا ہے مسیح جنکو جان بخش
اون ہونٹون نے ہے کس کو مارا

[illegible]

قامت سرو پہ ہے ناز تجھے اے قمری
دیکھو تو ہے یہ ہم اس سرو خرامان کیسا

سراپا

کیا بتاؤن کہ ہے وہ سیب زنخدان کیسا

[illegible]

سرو یا دست و لغیں کاکل کھدین تو سہی
بلبل زار ہون صیاد نہ کرو قید سب مجھے
اوسکے جاتے ہی ہوا صورت بسمل ہر گل
لخت دل دیکھ کے مژگان پہ یہ کہتا ہر
توڑ سکتے نہیں اک تار بھی اب ضعف کے ہم
ابر ہی تجکو قسم نوح کی آتو سہی دیکھ

شکو دکھلاتے ہین ہم گنج شہیدان کیسا
اندنون دیکھ تو ہے رنگ گلستان کیسا
ہو گیا صحن چمن گنج شہیدان کیسا
آج دریا کے کنارے ہی چراغان کیسا
چاک کرتے تھے کبھی اپنا گریبان کیسا
آج ہم کرتے ہین ان اشکون کر طوفان کیسا

کون سی فصل کو برسات ہین کہتے گویا
اشک بن ہمنے نہ دیکھا کہ ہے باران کیسا

گھر مین اک ماہ لقا کے ہی گذارا اپنا
آتی ہے بحر محبت سے یہ ہر آن صدا
نقد دل دیجیے اور زلف کا بوسہ لیجے
منھ سے اوس بت کے نکلتا ہی کہ سبحان اللہ
گذری جب آپ سے جا پہونچے در جانان تک
قبر کو دیکھ کے اوس ماہ نے منھ پھیر لیا
ہم وہ پیاسے ہین نہ دیکھین کبھی دریا کی طرف
منع کرتے ہو مجھے دیکھنے سے تم اپنے
دیکھو آئینہ مین اک بار ذرا شکل اپنی

اندنون برج قمر مین ہے ستارا اپنا
گور کہتے ہین جسے ہے وہ کنارا اپنا
ای جنون خوب ہے اس سودے مین ورا اپنا
جب وہ آئینہ مین کرتا ہے نظارا اپنا
اب تو بے منت پاوان ہی گذارا اپنا
کیون فلک اب بھی ہے گردش مین ستارا اپنا
سوے آب دم خنجر ہے اشارا اپنا
شاید اب تک نہ کیا ہوگا نظارہ اپنا
تب مین جانون کہ نہ دیکھو دوبارا اپنا

ردیف بائے موحدہ

ہو سیہ پوش کیون نہ مردم چشم
طور پر جا کے لاشہ رکھہ دینا
مر گئے بس اسی تمنا مین

نگہ یار نے ہمین مارا
شوق دیدار نے ہمین مارا
نہ کبھی یار نے ہمین مارا

بند جس نے کیا ہے گویا کو
اوسکی گفتار نے ہمین مارا

ہمسے برگشتہ ہوئی ابرو خمدار جدا
ہم بغل تجھسے جو ہون ہو نہ تن زار جدا
عشق اسی کہتے ہین لب پہ یہ دعا ہی تہ تیغ
شمع کسطرح کہڑی ہین یہ چلے جاتے ہین
دیکھکر دل کو مرے پھیر لی یون آنکھہ اوسنے
ہے عزا و مہ کنعان کہ جیسے دیکھے ہون
دل سے جاتی نہین اوس نرگس مخمور کی یاد
راتدن بس مین اسی سوچ مین رہتا ہون
ابلق چشم ہے گردش مین اور آنسو ہین روان
پیچ مین لائینگے وہ دیکھیے اب کس کس کو
تیرہ بختی مری اتنی تو بھلا کام آوے
فکر وصف دو دندان مین جو ہون اے گویا

پھر گئی بخت کی صورت مژہ یار جدا
جس روش گل سے رگ گل ہو نہ زنہار جدا
سر جدا ہو پہ نہو قاتل خونخوار جدا
تیرے دلسوز ونکی سب سے ہے رفتار جدا
جسطرح ہو کوئی بیمار سے بیمار جدا
او نگلیان پنجہ خورشید کی دو چار جدا
میرے کعبہ سے نہین خانہ خمار جدا
شہسوار ایسا ہو اگو نسا غمخوار جدا
جا کر آوارہ جدا پھرتی ہین رہوار جدا
ایکدم سر سے نہین ہوتی ہر دستار جدا
ہو نہ سر سے وہ کبھی سایۂ دیوار جدا
ہاتھہ سے ہوتی نہین کلک گہر بار جدا

۳۱

دیوان گویا

ردیف ثائے مثلثہ

بلبلونکو دیکھکر دریا کا جانا چھوڑ دے کوئی بلبل مر گئی تو دیکھ لینا باغبان	گلبدن گل رجائے گلستان مین جو آغنیا بیچ کر کھولونکو لونگا خونبہائے عندلیب

یادگر وہان مین کیا گویا نے کھینچی آہ سرد
ہو گئے ہین گل چراغ داغہائے عندلیب

ردیف تائے فوقانیہ

کیا ہین شیدا اسے قدِ یار درخت	ہین جو شبنم سے اشک بار درخت
دیکھین گر سرو قدِ یار درخت	خاک پر لوٹین سایہ دار درخت
اشک بار اون یہ ہین جو مرغِ چمن	پہنے ہین موتیون کا ہار درخت
کشتی کی ہے کیا ترے قد سے	کاٹے جاتے ہین بے شمار درخت
کیا ترے قد سے دون مثال اوسے	کہ ہے انگشت زینہار درخت
تیرے جلوے سے نخل طور بنے	ہین جو ہالاے کوہسار درخت
بید مجنون کو دیکھ او لیلی	ہے یہ مجنون کا یادگار درخت
دیکھکر تجھکو بھول جائین گے	گل کھلائین گے بے بہار درخت
زندگی مین نہ مین نے پھل پایا	ہو نہ میرے سرِ مزار درخت
فائدہ بھی یہان تو نقصان ہے	سنگ کھاتے ہین باردار درخت
داغ تن کھل رہے ہین صورتِ گل	ہم ہین گویا شگوفہ دار درخت

دیوان ... ۳۲

ردیف جیم فارسی

کیا چمن کو جاؤں میں دیوانہ نازک مزاج
جب شبنم خانہ میں جاتا ہی وہ بت نام خدا

باندھے سب فتراک ہی صیاد نے چھوڑا مجھے
رنگ اوڑ جاتا ہی سبھی کا تیری عیب حسن سے

تشنگی عبث ہے شہید کربلا کی ہر کسی
مرضی حق مین کبھی رکھا نہ ثابت اک قدم

موج بوی گل سے ہوجاتا ہون زنجیر ونکی بیچ
جان پڑ جاتی ہی سب پتھر کی تصویرونکے بیچ

مین ہی کیا صید زبون تھا سارے نخچیرونکی بیچ
گر تری تصویر رکھدین لاکھ تصویرونکی بیچ

آبداری کا نہین ہی نام شمشیرونکی بیچ
عمر ساری کٹ گئی اپنی تو تقصیرونکی بیچ

واہ کیا کہنا ہے اوسکا سحر ہے باتین نہین
بند کردیتا ہے جو گویا کو تقریرونکے بیچ

ردیف حای حطی

اوس رشک آفتاب کو گر دیکھ پای صبح
چوٹی کے بال بیٹھ پر اپنی وہ کھول کر

آجاتی ہی ہنسی مجھے یاد ایک صبح کی
بند قبا جو کھولے تو ای رشک آفتاب

تیرا رخ صبیح اگر دیکھ لے کبھی
کس نازنین سے سیکھی ہی اوسنے سبکروی

چپکن کے تیرے بند جو دیکھے سو یہ کہے

خجلت سے تا بحشر نہ پھر منھ دکھاے صبح
کہتا ہی ہنس کے شام ہی دیکھو قفای صبح

روتا ہون دیکھ دیکھ کے مین خندہای صبح
کیونکر نہ اپنی جیب کو ٹکڑے اوڑا ے صبح

خورشید کی نظر مین نہ ہرگز سمای صبح
دیکھا زمین پر نہ کبھی نقش پای صبح

تار شعاع مہر سے بند قبا ے صبح

ردیف خاے معجمہ

نظر آیا نہ کسیکو کبھی عنقا ہے وہ رخ
ہیچ بتاؤ کہ کسی نے کبھی دیکھا ہے وہ رخ

مہر و مہ پھرتے ہین اب تک نہین دیکھا ہے وہ رخ
مہ و خورشید کا دیکھو تو تماشا ہے وہ رخ

باعث روشنی دیدۂ بینا ہے وہ رخ
سب نظر آتے ہین جبتک نظر آتا ہے وہ رخ

یہ عالم سب ہے پیدا نورِ محمد سے … چراغِ ماہ ہے وہ نور [illegible]

یقین ہے وہ مکان ہے اوس کا مکین ہے … کلام حق ہے فرمان محمد

بیان اور کیا ہو عظمت کا بیان ہے … فرمان محمد

فلک ہے زیر فرمان محمد ہے … بڑی ہے عرش سے شان محمد ہے

ردیف دال

سند طبع ہے گویا مصرعِ صائب … بو وز لفش لب او رخ بدخشان سرخ

شبستان محمد … کہ شمع ہوا وہ باعث ایجاد شبستان

کیون کیونکر نہ مین دربان محمد … ولا ہے سب یہ احسان محمد

کہ جنت ہے گلستان محمد … چراغ آسمان الکرم مین

سیمائی ہوئی امت کو دم مین … نہ ہو گر زیر دامان محمد

کیون نہ انگشت نما ہو وہ مہ نو کی طرح	کہ ہمین بعد مہینے کے دکھاتا ہی وہ رخ
آنکھیں نرگس ہین دہن غنچہ ہی عارض گل ہین	پھولون کی ڈالی ہین اب نظر آتا ہی وہ رخ

فاصلہ شام و سحر مین نہ رہا ہے گویا
دیکھ لے متصل زلف چلیپا ہے وہ رخ

جو ہمیشہ غصے مین ہو رنگ رخ جانان سرخ	لہو یہ روئین کہ ہو جیب و دامان سرخ
خیال آتش گل مین ہین پسکہ گرم فغان	ہوا ہی شعلۂ آواز عندلیبان سرخ
کرے جو قتل وہ مجکو نہ مین کرون رسوا	لہو سے میرے کبھی ہو نہ تیغ جانان سرخ
لگا یا آنکھون کو جو یار کا حنائی ہاتھ	تو میری پلکین ہوئین مثل شاخ مرجان سرخ
قبای سرخ صنم سے ہی کیا اوسے نسبت	کہ عندلیب فقط گل کا ہے گریبان سرخ
گمان ہی سبکو کہ الماس ہو گئے یاقوت	جو پان کھا نیسے او سکے ہوئے ہین دندان سرخ
مین کیا بتاؤن کہ کیسے ہین سرخ وہ لب یار	نہ لعل سرخ ہی ایسا نہ الیسا مرجان سرخ
جو عندلیب کو غیرت ہو روی ایسا خون	کہ گلفروش کی ہو جاے ساری دکان سرخ
قبا سفید جو پہنے تو سرخ ہو جائے	فزون ہی گل سے کہین رنگ جسم جانان سرخ
پس از فنا بھی ہے دھیان دست رنگین کا	تو ہڈیان ہین مری مثل شاخ مرجان سرخ
برس رہا ہی لہو میری چشم پر خون سے	وہ دیکھے آگے نہ دیکھا ہو جسنے باران سرخ
ہماری قبر پہ شوخی سے اوس نے پھینکے پیک	کہا کہ چاہیے تھا مرقد شہیدان سرخ
ہر ایک خار مین عالم ہوا رگ گل کا	بہا یا تلوؤن سے خون ہو گیا بیابان سرخ

[illegible] زیادہ … خدا ہے سب سے [illegible]

یہی صفت ہے [illegible] … حسن ہے [illegible]

کہان [illegible] ہے … [illegible] مست ہے

[illegible] مین بھی یار [illegible] ہے … [illegible] گریبان [illegible]

[illegible] رخ جانان … [illegible] ریحان [illegible] ہیں

[illegible] زلف [illegible] … [illegible] عالم [illegible] ہیں

دیکھ

[illegible]

دیکھ لونگا جو تصور مین تو کیا کیجیے گا
بنگیا چرخ مری اشک کے دریا کا حباب
شکل فانوس خیالی ہون سدا گردش مین
کردے قاتل دہن زخم سے خندان مجکو
کھا گیا آہ ترا غم تو کلیجہ میرا
پانون رہجاتے ہین چلنی سے تو سر پھرتا ہے
کھائے زخم اوسکے بہت ایکی گلا کاٹیں آپ
بھولتی دل سے نہین یاد کسی مطرب کی
کبھی کاشانۂ دل مین نکیا تو نے ظہور
تنگ ہین زیست سے ہم سر ہی دبال گردن

میری نظرون سے بھلا رہیگا پنہان تا چند
رہون ای ماہ ترے ہجر مین گریان تا چند
تجکو ڈھونڈا کرون ای شمع شبستان تا چند
مین ہون آرزوِ قتل مین گریان تا چند
ای ستمگار کرون دعوت مہمان تا چند
رہون سرگشتہ مین ای گنبد گردان تا چند
سر پہ لین ہم تری تلوار کا احسان تا چند
دیکھیے نے کیطرح رہتی مین نالان تا چند
خانہ آباد مرا گھر ہے ویران تا چند
تیری مشتاق رہین خنجر جانان تا چند

نظر آتا نہین گویا مجھے سامان وصال
دست وحشت مین پھرون بے سر و سامان تا چند

از ادب چشم سوی زخم دل من نکند
نالم و حیف لب بام تو شیون نکند
جامہ گر چاک شد از تار کفن دوختہ ام
زیر دیوار تو از رشک نگہبان باشم
عشق گیسوی تو گر سلسلہ جنبان نشود

تا مسیحا وضو از چشمۂ سوزن نکند
گریم و اشک روان دیدۂ روزن نکند
چون من زار کسی خواہش مردن نکند
کہ نگہ بر رخ تو دیدۂ روزن نکند
کار زنجیر بہ گردن رگ گردن نکند

ہم روش خاک اوڑا لی ہے صبا میرے بعد
ہوگئی اور ہی گلشن کی ہوا میرے بعد
[illegible] یار نے شانہ نکیا میرے بعد
کیا پریشان رہی زلف دوتا میرے بعد
خون مرا کرکے لگانا نہ حنا میرے بعد
دست رنگین ہون انگشت نما میرے بعد
کوئی لاش پہ مرے آنہ کہا میرے بعد
[illegible]

[illegible]

ردیف ذال معجمہ

کیا شوق سے مضمون سے کبوتر کا غذ
خود بخود یار تلک جائیگا اوڑ کر کاغذ

خط یہ خط میں لکھے پر نہ لکھا تھا جواب
کبھو قاصد کو ہوا کبھی نہ میسر کاغذ

حال رونے کا اگر کاغذ ابری پہ لکھوں
صورت ابر ہمیشہ وہ رہے تر کاغذ

سیکڑوں نہ بھیجے ہیں خط تجکو صبا سے [illegible]
اوڑتے پھرتے ہیں ترے کوچے میں اکثر کاغذ

حال لکھا ہے ترے [illegible] ہونے کا غذ
جب سے لکھا ہے [illegible] صورت مسطر کا غذ

اسقدر یار سے خط [illegible] ہیں نامہ بر کا غذ
[illegible] اب نہیں ہوتا ہے میسر کاغذ

بن گیا [illegible] خون [illegible] کا غذ
[illegible] اپنا [illegible] لیا اے کا غذ

[illegible] عوض خط [illegible] کا غذ
[illegible] کا غذ

استخوان میری سگِ یار تلک پہونچا دے
صدمۂ تیغ سی اور فرطِ نزاکت کے سبب

چمنِ جوہرِ شمشیر سے منگوائے پھول
کیا ہی مرنے سے مری شاد ہیں اللہ اللہ

نہ رہی بعد مرے نامۂ پیغام کی رسم
منھ دکھانا تو کہان باتین تھین اوسکی مجھ تک

کیا ہوا غم نکیا اوسنے مرے مرنے کا
چاک کرتا ہون اسی غم سی کفن مرقد مین

مجھسا بدنام کوئی عشق مین پیدا نہوا
کبریائی تری ثابت نرہیگی او بت

استخوان کو نہ جلا دیجیو ای آتش غم
دہنِ گور ابھی وا ہو بیان کرنے کو

سر اوٹھایا مری وحشت نی پس از مردن بھی
سنگ مدفن کی عوض رکھدیا مدفن پہ مرے

سب سے پہلے ہوئین اوس سروِ خرامان کا اسیر
تیرِ آہ کی دعا مانگی ہی اول مین نے

اوٹھ گیا صفحۂ ہستی سے نگین کی صورت

اتنا احسان کرے مجھ پہ ہما میرے بعد
پہلے مین گر پڑا اور یار گرا میرے بعد

خوب قاتل نے سوم میرا کیا میرے بعد
بت کیا کرتے ہین اب شکر خدا میرے بعد

خاک اوڑاتی پھری گلیو نمین صبا میرے بعد
لن ترانی کی بھی آئی نہ صدا میرے بعد

اوسکا گیسو تو پریشان رہا میرے بعد
کھلے رہتے ہین ترے بند قبا میری بعد

ہان مگر قیس کا کچھ نام ہوا میرے بعد
کوئی کہنے کا نہین تجکو خدا میرے بعد

آکے مایوس نہ پھر جا ہما میرے بعد
آکے پوچھے تو اگر حال مرا میرے بعد

بید مجنون مری تربت پہ اوگا میرے بعد
کوہِ غم جبکہ کسی سے نہ اوٹھا میرے بعد

طوق قمری کے بھی گردن مین پڑا میری بعد
ساقیا ہاتھ سبو کا بھی اوٹھا میرے بعد

نزع مین تھ مرا نام رہا میرے بعد

سنبل تر بھی پریشان نہ ہوا میرے بعد
بید مجنون نہ ہوا گل کا گریبان نہ پھٹا میرے بعد

